علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ اُردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی

کورس: میؔر کا خصوصی مطالعہ (9022) سمسٹر بہار، 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر ۱۔ میؔر کی زندگی کن تلخیوں اور پریشانیوں میں گزری؟ تفصیلی جواب دیں۔ (20)

سوال نمبر ۲۔ میؔر کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟ میؔر کے امتیازات کو سامنے رکھتے ہوئے جواب دیں۔ (20)

سوال نمبر ۳۔ میر کے تصوراتِ حسن و عشق کا تفصیلی تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر ۴۔ میؔر کی شاعری میں صوفیانہ عناصر کی نشان دہی کریں۔ (20)

سوال نمبر ۵۔ میؔر کی شعری زبان، دہلی کے روز مرے سے وجود پاتی ہے، بحث کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر۱۔ فانی بدایوانی اور فراق گورکھ پوری نے رنگِ میؔر سے کیا استفادہ کیا؟ مثالیں دے کر وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر۲۔ میؔر کی مثنویاں اُن کی ذاتی زندگی کے احوال کی آئینہ دار ہیں، بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر۳۔ اُردو میں میر شناسی کی روایت پر جامع مضمون قلم بند کریں۔ (20)

سوال نمبر۴۔ میؔر نے چھوٹی بحور میں جو غزلیں کہی ہیں، وہ اپنی مثال آپ ہیں، بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح اس طرح کریں کہ ان کے محاسن واضح ہو جائیں۔ (5x4)

(۱) گور کس دل جلے کی ہے یہ فلک شعلہ اِک صبح یاں سے اُٹھتا ہے

(۲) نالہ سر کھینچتا ہے جب میرا شور اِک آسماں سے اُٹھتا ہے

(۳) بیٹھنے کون دے ہے پھر اس کو جو ترے آستاں سے اُٹھتا ہے

(۴) یوں اُٹھے آہ! اُس گلی سے ہم جیسے کوئی جہاں سے اُٹھتا ہے